http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے 22 سال | ABC Certified | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر عبدالمنصور

جلد : 23 | 27 صفرالمظفر 1448ھ منگل 11 اگست 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 058

جولائی میں ترسیلات زر 13 فیصد بڑھ گئیں، وزیراعظم کا اظہار اطمینان | ٹیکس اہداف کے حصول کے لئے انفورسمنٹ اقدامات تیز کرنے کا حکم

مکہ معاہدے کا مقصد قطعی جارحیت نہیں ہے، خطے میں امن، سلامتی، خوشحالی کیلئے ہے

شہباز شریف

حکومت سمندر پار پاکستانیوں کو سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے اقدامات جاری رکھے گی، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی کابینہ کو اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ مکہ معاہدے کا مقصد قطعی جارحیت نہیں ہے، یہ معاہدہ خطے میں امن، سلامتی، خوشحالی کیلئے ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بتایا کہ مکہ معاہدہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مفاہمت کی توسیع ہے، پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ دفاعی معاہدہ پہلے سے موجود تعاون کا تسلسل ہے، پاکستان اور ترکیہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

ملک گیر پہیہ جام ہڑتال شروع

اشیائے ضروریہ کی سپلائی متاثر ہونے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے ہڑتال کی کال پر پورٹ قاسم اور اطراف میں خام خوردنی تیل سے بھرے متعدد ٹینکر روک کر روئے گئے ہیں۔ تنصیبات کے مطابق چار دیگر مصنوعات کی ترسیل میں اضافہ، بھاری ٹول ٹیکس، بھاری چالان اور جرمانوں کے خلاف آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کی کال پر ملک بھر میں گڈز ٹرانسپورٹرز نے مکمل پہیہ جام ہڑتال شروع کر دی۔ ہڑتال (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

آبنائے ہرمز کھولنے سے متعلق غیر یقینی صورتحال، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ

خنیوراک (مانیٹرنگ ڈیسک) آبنائے ہرمز کھولنے سے متعلق غیر یقینی صورتحال کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد اور سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

پنجگور میں آپریشن ردالفتنہ 3

فتنہ الہندوستان کے سرغنہ سمیت 5 خوارج ہلاک

ہلاک دہشت گرد تاجروں اور شہریوں سے لوٹ مار، بھتہ خوری، اغواء اور دہشت گردی میں ملوث تھے (سیکورٹی ذرائع)، سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، قوم کے بہادر سپوت بلوچستان سے دہشت گردوں کا خاتمہ کر رہے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

پنجگور (اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف فورسز نے پنجگور کے علاقے مرتیلی اور کھیجوکی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان کے سرغنہ وزیر ولد جمال سمیت 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گرد مستونگ، تہران، واشنگٹن، ریاض، صنعا (مانیٹرنگ ڈیسک) آبنائے ہرمز میں خان کے قریب ایک آئل ٹینکر کو میزائل حملوں کا نشانہ بنائے جانے اور جہاز میں آگ لگنے کی خبر صدقہ اطلاعات سامنے آئی ہیں، تاہم حال کسی معتبر سرکاری ادارے نے اس واقعے کی باضابطہ تصدیق نہیں کی۔ رپورٹس کے مطابق بدھ سوشل میڈیا پر سرگرم ایک اکاؤنٹ کی جانب سے سامنے آیا، جس نے رات کے وقت سمندر میں آگ پر دھماکے جیسی روشنی دکھائی دینے والی ایک ویڈیو بھی شیئر کی۔ بعد میں بعض دیگر سوشل میڈیا اکاؤنٹس نے بھی اس خبر کو آگے بڑھایا۔ غیر مصدقہ اطلاعات میں دعویٰ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف ایف پی آر میں اصلاحات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سعودی عرب بھرتشارے پر، حوثیوں کا آزادانہ ریفائنری کے بعد بمبئی کی بندرگاہ پر بھی بڑا حملہ | ہم سے بہتر طریقے کا کھلاڑی کا کوئی اور نہیں، ایران کا ٹرمپ کو جواب

ایران پر ٹینکر کو میزائل سے نشانہ بنانے کا الزام

آبنائے ہرمز میں کشیدگی پھر بڑھ گئی

میزائل حملے کے بعد ٹینکر میں آگ بھڑک اٹھی، بعض پوسٹس میں دعویٰ کیا گیا کہ جہاز کو متعدد میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا، تاہم ان دعویوں کی آزادانہ تصدیق نہیں ہو سکی، سوشل میڈیا رپورٹس

ریفائنری میں آگ لگی تھی جسے بعد میں بجھا دیا گیا، آگ لگنے کی وجہ واضح نہیں ہوئی، ادارے واقعے سے نمٹنے اور دیگر ضروری کارروائیاں مکمل کر رہے ہیں، سعودی وزارت توانائی

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق ملاقات کر رہے ہیں (فائل فوٹو)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا کویتی ہم منصب سے رابطہ، مکمل دفاعی معاہدے پر تبادلہ خیال

کویتی وزیر خارجہ کے حالیہ دورہ پاکستان کے فالو اپ اور اہم شعبوں میں تعاون و سرمایہ کاری بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا،

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور کویتی وزیر خارجہ شیخ جراح جابر نے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کا کویتی وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں مکمل دفاعی معاہدے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور کویتی وزیر خارجہ شیخ جراح جابر نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

جج سمری پر دستخط نہ کرنے کا معاملہ، صدر سے مذاکرات کا ٹاسک اسپیکر قومی اسمبلی کے سپرد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جج کی سمری پر دستخط نہ کرنے کے معاملے پر وفاقی حکومت نے صدر مملکت سے مذاکرات کا ٹاسک اسپیکر قومی اسمبلی کے سپرد کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

سینیٹر انوار الحق کاکڑ کی طلبہ سے خصوصی نشست

آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ میں بلوچستان کے مسائل اور قومی یکجہتی پر گفتگو

سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے آئی ایس پی آر کے زیر اہتمام سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 کے تحت پاکستان بھر کے 21 مختلف اسٹیشنز سے 6,150 سے زائد طلبہ و طالبات سے خصوصی نشست میں بلوچستان کی تاریخی حیثیت، علیحدگی پسند بیانیے، دہشت گردی، انسانی حقوق، قومی سلامتی اور نوجوانوں کے کردار پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔

سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کا حل علیحدگی پسندی یا تشدد نہیں بلکہ آئینی و حکومتی ڈھانچے کے اندر موجود سیاسی، انتظامی اور ترقیاتی ذرائع سے ممکن ہے، جبکہ عسکریت پسند عناصر کے لیے تشدد ہی اپنے بیانیے کے نفاذ کا بنیادی ہتھیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ عسکریت پسندوں کے اقدامات کو انسانی حقوق کے نام پر جائز قرار نہیں دیا جا سکتا؛ جعفر ایکسپریس کے مسافروں، موسیٰ خیل میں شہریوں اور تربت میں مزدوروں کو نشانہ بنانا حق زندگی کی سنگین خلاف ورزی ہے۔

سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ غربت اور پسماندگی کا حل ترقی، بہتر حکمرانی اور معزز سروس ڈیلیوری ہے، جبکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاستی اداروں کے ساتھ علم، دلیل، ابلاغ اور فکری صلاحیتوں کو بھی بروئے کار لانا ہوگا۔ انہوں نے نوجوان نسل کو انتہا پسند اور ریاست مخالف بیانیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ذہنی، علمی اور فکری طور پر تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ پاکستان کے ساتھ جذباتی وابستگی قومی یکجہتی اور مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کی بنیادی قوت ہے۔

سابق شامی سفارتکار بشار الجعفری کی ماسکو میں تقریب کی ویڈیو وائرل، سوشل میڈیا پر غصے کی لہر

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) 2024 سے میڈیا منظر سے غائب رہنے کے بعد سابق شامی سفارت کار بشار الجعفری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

صدر پیزشکیان نے حال ہی میں سپریم لیڈر خامنہ ای سے ملاقات کی، سرکاری میڈیا

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پیزشکیان نے جولائی کے آخر میں اپنے عہدے کا تیسرا سال شروع ہونے کے قریب رہبر اعلیٰ تھیں خامنہ ای سے ملاقات کی گئی۔ اس کے ساتھ ہی ایک نیم فوجی رہنما نے مستقبل میں خامنہ ای کی فوجی مظفر عام پر لانے کا وعدہ کیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

نیتن یاہو کی ہٹ دھرمی برقرار، اسرائیل نے غزہ بحالی کا امن منصوبہ مسترد کر دیا

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل نے غزہ بحالی کا صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا پندرہ نکاتی امن منصوبہ مسترد کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا کہ وہ اس وقت تک اپنی فوج واپس نہیں بلائیں گے جب تک حماس مکمل طور پر ہتھیار نہیں ڈال (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

پاکستان کے خلاف افغان طالبان کو دی گئی بھاری ناقص ٹیکنالوجی بھی ناکام

افغانستان دہشت گردوں کا گڑھ بن چکا ہے جہاں 20 سے زائد دہشت گرد تنظیمیں سرگرم ہیں، دہشت گردوں کیلئے محفوظ ماحول بھارتی ریاستی دہشت گردی کے مذموم ایجنڈے کو آگے بڑھانے کا موقع فراہم کر رہا ہے، دہشت گرد تنظیم ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کو بھی بھارت کی مالی معاونت حاصل ہے، رپورٹ

ممبئی، کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) شکست خوردہ بھارت کی افغان طالبان رجیم کی سرپرستی اور پاکستان میں ڈرونز حملوں کے مذموم خاکے میں مل گئے۔ ایک تحقیقاتی رپورٹ نے بھارت کے پاکستان کیخلاف استعمال کیلئے طالبان رجیم کو دیئے گئے ناقص ڈرونز کی تلخی کھول دی۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق افغانستان دہشت گردوں کا گڑھ بن چکا ہے جہاں 20 سے زائد دہشت گرد تنظیمیں سرگرم ہیں۔ دہشت گردوں کیلئے محفوظ ماحول بھارتی ریاستی دہشت گردی کے مذموم ایجنڈے کو آگے بڑھانے کا موقع فراہم کر رہا ہے۔ دہشت گرد تنظیم ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کو بھی بھارت کی مالی معاونت حاصل ہے۔ افغانستان سے حملہ کیے گئے یو اے ایس ڈرونز افغانستان میں تیار شدہ نہیں بلکہ بھارت کے فراہم کردہ ہیں۔ افغانستان سے جون اور جولائی 2026 کے دوران خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں 9 ڈرونز حملے کیے۔ برآمد شدہ ان ڈرونز کی رینج 50 سے 270 کلومیٹر تک ہے جو 5 کلوگرام تک کا وزن اٹھا سکتے ہیں۔ بھارت کی جانب سے دیئے گئے پورڈرز تکنیکی نوعیت کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

ایرانی عوام دشمن کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر رہے ہیں، باقر قالیباف

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے اعلیٰ سلامتی کونسل میں شمولیت پر جنرل حسن رضائی کو مبارک باد دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق باقر قالیباف نے کہا کہ حسن رضائی کی ایرانی سلامتی کونسل میں شمولیت رہبر اعلیٰ کے اعتماد کی علامت ہے، جنرل حسن رضائی ایرانی سپریم لیڈر تھیں خامنہ ای کے مخلص سیاسی ہیں۔ انہوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)



ٹرمپ ایران جنگ ہار چکے ہیں، ڈیموکریٹک سینیٹر کرس مرفی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈیموکریٹک سینیٹر کرس مرفی نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ یہ جنگ ہار چکے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ان کا موقف ہے کہ جنگ جاری رہنے سے واشنگٹن کمزور جبکہ تہران مزید مضبوط ہو رہا ہے۔ کرس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

سوشل میڈیا پر کردار کشی، شرجیل میمن کی شکایت پر NCCIA نے کام شروع کر دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر صحافی سابر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے سندھ کے سینئر منسٹر شرجیل انعام میمن کی سوشل میڈیا پر کردار کشی کے خلاف کارروائی شروع کر دی۔ این سی سی آئی اے حکام کے مطابق شرجیل انعام میمن کی شکایت موصول ہوئی ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

کسی بھی لاپرواہی کی گنجائش نہیں، رپورٹ قانون کے مطابق عدالت میں پیش کرو، کراچی پولیس چیف

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) شہر قائد میں نئی ای ایچ سوسائٹی کے رہائشی نوجوان تاجر میر رضا کے اغوا و قتل کے مقدمے کی تفتیش ڈسٹرکٹ ایسٹ فوری نوٹس لے کر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

میر رضا قتل کیس میں میرے بیٹے کا بزنس پارٹنر بھی غائب ہے، والد میر رضا

میر رضا کو بھیجا گیا تو اب سب شدید متاثر، کسی اور کے بھیجنے کیے نشان بھی مٹنے کا انکشاف

مشکوک گیسٹ ہاؤس سے تحقیقات سے متعلق پیش رفت

گیسٹ ہاؤس کے ملازمین سے کیا تحقیقات ہوئیں، ہمیں نہیں بتایا جا رہا، گیسٹ ہاؤس کی سی سی ٹی وی بھی سامنے نہیں آئی، والد

سونفٹ کار میں آنے والے 4 افراد کو بھی حراست میں لیا گیا ہے، جس کے بعد مجموعی طور پر 9 افراد شامل تفتیش ہیں، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میر رضا قتل کیس میں مشکوک گیسٹ ہاؤس کے حوالے سے پیش رفت سامنے آئی ہے، حکام کے مطابق پولیس کی جانب سے گیسٹ ہاؤس کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

عبدالقادر جیل پر قاتلانہ حملہ ناقابل برداشت ہے، روکنے ناگوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

ایدن مسک کی دولت میں 1 سال کے دوران 320 ارب ڈالر کا اضافہ

نیویارک (بلومبرگ ڈیسک) دنیا کے امیر ترین شخص ایلون مسک نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

عثمانیہ ریسٹورنٹ کے قریب ڈکیتی مزاحمت پر ایک اور شہری جاں بحق

ملزمان کی گرفتاری کے لیے اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں، پولیس حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے نیو پرہی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

کراچی: خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی آرٹس ہلڈنگ کا افتتاح کر رہے ہیں

تاریخی دفاعی تعاون خطے میں امن، سلامتی اور باہمی تعاون کے نئے عہد کی علامت ہے

وزیر اعظم

ہم صرف رہائشی مرکز کا افتتاح نہیں کر رہے بلکہ امید کے نئے دروازے کھول رہے ہیں سی آر ٹس کی نئی عمارت سندھ

حکومت کا ایک شاندار کارنامہ ہے، وزیر اعلیٰ سندھ کا کورنگی میں سی سینٹر فار آرٹس ری ہیبلیٹیشن اینڈ ٹریننگ کا افتتاح

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مشترکہ دفاعی معاہدے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے سندھ وزیر اعلیٰ ہاؤس کو تیتیوں برادر ممالک کے قومی پرچموں اور رنگ برنگی رشنیوں سے سجا دیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

گلشن اقبال میں گھر کے کچن میں سلنڈر دھماکا، خاتون زخمی

متاثرہ خاتون کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، ریسکیو ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں گلشن اقبال بلاک 4 میں شہید اسلام سمجھ کے قریب گھر کے کچن میں سلنڈر دھماکے کے باعث آگ بھڑک اٹھی حادثے میں ایک خاتون (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

کراچی، بشیر کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 4 اوگرہی حالت میں گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس نے مبینہ مقابلوں کے دوران 4 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ جبکہ حکام کے مطابق گرفتار تمام زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا پولیس کا کاز وے ندی کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

پیپلز پارٹی کے رہنما قادر پٹیل کے دفتر پر مسلح افراد نے گولیوں کی بوچھاڑ کردی

فائرنگ کے نتیجے میں متعدد گولیاں دروازے کو چیرتی ہوئی دوسری جانب تک جا پہنچیں

تاہم واقعے کے وقت کسی شخص کے زخمی یا جاں بحق ہونے کی اطلاع نہیں ملی، حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے گلشن بلاک 5 میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

پی ٹی آئی کی بائیکاٹ کے باہر احتجاج کی کال ناکام، اراکین اسمبلی کے منہ آنے پر سلمان راجہ چیخ پڑے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کی اسلام آباد بائیکاٹ کے سامنے اراکین اسمبلی کے احتجاج کی کال ناکام ہوگئی۔ گزشتہ رات اطلاعی میں تمام پارلیمنٹ رنگ روڈ پر کھڑے ہے اسلام آباد بائیکاٹ پہنچنے کی ہدایت کی گئی تھی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

سندھ ہائی کورٹ نے منشیات فروشی کے الزام میں گرفتار ملزم محمود اختر کی ضمانت منظور کرلی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے منشیات فروشی کے الزام میں گرفتار ملزم محمود اختر کی ضمانت منظور کردی ہے۔ سندھ ہائیکورٹ میں منشیات فروشی کے الزام میں گرفتار ملزم کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی۔ درخواست گزار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

عشق مصطفیٰ ﷺ ایمان کی روح اور تکمیل کا ذریعہ ہے، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ عشق مصطفیٰ ﷺ ایمان کی روح اور اس کی تکمیل کا ذریعہ ہے، جس دل میں محبت رسول ﷺ ہو وہ دل کامل ایمان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

ملک بھر کے بجلی صارفین کیلئے بڑا ریلیف ختم ہونے کا امکان

بجلی کے نرخوں میں ایک روپے 99 پیسے فی یونٹ کمی کی مدد میں دیا جانے والا سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ ریلیف رواں ماہ اگست میں اپنی مدت پوری کر لے گا، رپورٹس

کراچی: چیئرمین قومی احتساب تحریک ایاز لطیف پلیجو ایس ایس پی سی آئی میں حاضری کے لیے آرہے ہیں

کراچی (رپورٹ فرازحسین) کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کے نرخوں کے لیے جاری ہزار ریلیف ختم ہونے کے قریب پہنچ گیا ہے جس کے بعد آئندہ ماہ سے بجلی مزید مہنگی ہونے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کے نرخوں میں ایک روپے 99 پیسے فی یونٹ کمی کی مد میں دیا جانے والا سہ ماہی

ناصر حسین شاہ کا شاہراہ بھٹو کورنگی کا کزوے برج اور کورنگی نمبر 5 فلائی اوور کا دورہ

کورنگی نمبر 5 فلائی اوور کے تعمیراتی کام کا بھی جائزہ، شاہراہ بھٹو سے ڈی ایچ اے اور عائشہ مسجد تک رابطہ سڑک شہریوں کے لیے اہم سفری سہولت ہے، اس لیے منصوبے کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے، وزیر ہیلیات سندھ کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے شاہراہ بھٹو کورنگی کازوے برج اور کورنگی نمبر 5 فلائی اوور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

میر رضا کیس

اچھے طریقے سے حل ہونا چاہیے، آئی جی سندھ

کراچی (رپورٹ عامر صابر) انسپکٹر جنرل سندھ پولیس جاوید عالم اوڈھو نے کہا ہے کہ میر رضا اشوسیاک واقعہ ہے، کیس اچھے طریقے سے حل ہونا چاہیے، سکھر میں پریس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

کراچی میں پولیس کی کارروائیوں سے 835 مزید ملزمان گرفتار، 6 ہلاک 30 زخمی

جرائم کے خاتمے، امن وامان کی بحالی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں، ترجمان

مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران چینی اور چوری شدہ 39 موٹر سائیکلیں اور 3 گاڑیاں بھی برآمد کی گئیں، کراچی پولیس

گزشتہ ہفتے کے دوران انسداد جرائم کے خلاف کارروائیوں میں 835 سے زائد ملزمان کو گرفتار کرلیا، جبکہ مختلف پولیس مقابلوں میں 2 ملزمان ہلاک اور 30 زخمی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کے احکامات پر کراچی پولیس نے

مدگار-15 کی بروقت کارروائی، مبینہ اغوا کی گئی خاتون بازیاب، ملزم گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پولیس مدگار-15 نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر اغوا کرکے گھر میں چھپی ہوئی خاتون کو بازیاب کرالیا جبکہ واقعے میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق مدگار-15 کو ایک خاتون کے اغوا کی اطلاع (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

عالمی ومقامی گولڈ مارکیٹس میں سونے کی قیمت میں مسلسل اضافہ

عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 8 ڈالر بڑھ کر 4349 ڈالر ہوگئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی ومقامی گولڈ مارکیٹس میں سونے کی قیمت میں مسلسل 5 دیں روز اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ آل پاکستان صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق 24 (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

سندھ حکومت کے ایڈوائزر رضا ہارون کے گھر کے باہر گاڑی سے چوری

ملزمان نے تقریباً 5 منٹ تک انتہائی اطمینان کے ساتھ واردات مکمل کی

اطلاع کے باوجود ایک گھنٹے تک پولیس موقع پر نہ پہنچ سکی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت کے ایڈوائزر رضا ہارون کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

میر رضا قتل کیس، ادا کارہ ماہرہ خان کا انصافی کنٹاف سڑکوں پر نکلنے کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان نے کہا کراچی کے نوجوان تاجر میر رضا کے قتل کیس میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ گزشتہ کل روز جبران ناصر کے کچھ بیانات کے تھلیس سوشل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

ساحر حسن کے منشیات کیس میں تفتیشی افسر اور گواہوں کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیشن عدالت جنوبی نے ادا کار ساحر حسن کے بیٹے ساحر حسن کے منشیات کیس میں تفتیشی افسر اور گواہوں کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ سیشن عدالت جنوبی کے روبرو ادا کار ساحد حسن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

میڈیکل کالج میں سیٹیں خالی ہونے پر پاسنگ مارکس 50 فیصد رکھنے کی تجویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) میڈیکل کالج میں میرٹ مکمل کرنے کے باوجود سیٹیں خالی ہونے پر پاسنگ مارکس 50 فیصد رکھنے کی تجویز سامنے آئی۔ سینیٹ قومی اسمبلی کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

اسلام آباد: وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال سے ترکیہ کا اعلیٰ سطحی وفد ملاقات کر رہا ہے

سرکاری اسپتالوں میں بستروں کی تعداد میں اضافہ نہیں کیا گیا

حکومت کی عدم توجہی کی وجہ سے بچوں کی شعبہ حادثات میں لائے جانے والے بچوں کے بستروں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا، یہی وجہ ہے کہ بچوں کی ایمرجنسی میں ایک بستر پر دو سے تین بچوں کو علاج کیلیے داخل کرلیا جاتا ہے، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت کے جانب سے ہر سال سرکاری اسپتالوں کے بجٹ میں اضافہ کرنے کے باوجود (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

ہم نے غلطی کی ایک ایماندار افسر کو ڈھونڈ لیا، وکیل جبران ناصر

گزشتہ 11 دنوں میں جس سرکاری افسر نے اپنا کام کیا، نتیجہ اسی پر ہو رہی ہے، ڈاکٹر سمیہ کو تنقید کا نشانہ بنانا ناانصافی ہے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے گلستان جوہر سے مردہ حالت میں ملنے والے نوجوان ریحان کے والد رضا میر کے وکیل جبران ناصر نے کہا ہے کہ انہیں پیپلز پارٹی کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے جولائی میں 3 ارب 60 کروڑ ڈالرز وطن بھیجے

مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے باوجود ترسیلات زر متاثر نہیں ہوئی، دنیا اور خاص کر خلیجی ممالک سے پاکستانی اپنا سرمایہ بھی منتقل کر رہے ہیں، ماہرین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اوورسیز پاکستانیوں کیجانب سے رواں مالی سال کے پہلے ماہ ترسیلات زر کی آمد میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

پیپلز پارٹی کا پارلیمان میں حکومت سے تعاون نہ کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی نے پارلیمان میں حکومت سے تعاون نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آل پاکستان پیپلز پارٹی نے تاہم پاکستان پارلیمان میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

جیکب آباد میں 24 گھنٹوں کے دوران پانی میں ڈوب کر 5 بچے جاں بحق

جیکب آباد (اسٹاف رپورٹر) جیکب آباد اور گرودڑاح میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پانی میں ڈوبنے کے مختلف واقعات میں 5 معصوم بچے جاں بحق ہوگئے۔ جیکب آباد میں سونا لصیرانی گھر کے نکاحی آب کے گڑھے میں گر کر جاں بحق ہوگیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ ایک روز کے دوران جیکب آباد میں 3 جبکہ شکیل محل میں 2 بچے پانی میں ڈوبنے کے واقعات میں جان کی بازی ہار گئے۔

معمول سے تیز سمندری ہوائیں چلنے کی پیشگوئی، یونداباندی کا بھی امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں معمول سے تیز سمندری ہوائیں چلنے کی پیشگوئی ہے۔ محکمہ جنوری ابر آلود اور مرطوب رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کی ارلی وارننگ سینٹر پیش گوئی کے مطابق صبح و رات کے اوقات میں پھوار یا ہندا باندی ہونے کی توقع ہے۔ کراچی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 تا 35 ڈگری کے درمیان ریکارڈ ہوسکتا ہے۔

سندھ دریا سے چھ کینالز نکالنے پر لطیف پلیجو کا موقف، این سی سی آئی اے میں پیشی کا فیصلہ

محکمہ گڑ بڑ کے پیش نظر ان سی سی آئی اے پر پولیس کی نفری تعینات کردی گئی ہے، لطیف پلیجو کی ویڈیو اور بڑی تعداد میں کارکنان کے ہمراہ این سی سی آئی اے آفس پہنچے، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ دریا سے چھ کینالز نکالنے کے معاملے پر معروف قانونی ماہر اور بیرسٹر کے لطیف پلیجو کو این سی سی آئی اے نے طلب کرلیا ہے۔ لطیف پلیجو سندھ بھر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

مریم نواز سے آکسفورڈ یونیورسٹی پریس پاکستان کے وفد کی ملاقات

صرف پنجاب ہی نہیں بلکہ سندھ اور دیگر صوبوں کے لوگوں کی بھی خدمت کرنا چاہتے ہیں، گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے آکسفورڈ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

بانی سے ملاقات نہ ہوئی تو جمعرات کو پورا پاکستان ڈی چوک بنا دینگے، سہیل آفریدی

کہا ہمارا صرف یہی مطالبہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا بہترین علاج ہونا چاہیے، بشریٰ بی بی اور بانی پی ٹی آئی دونوں کی صحت خراب ہے، وزیر اعلیٰ پختونخوا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

سکھر: آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو روہڑ سکھر کے موقع پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، دوسری جانب گاڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے

مصطفیٰ عامر قتل کیس، سندھ ہائیکورٹ کا مقدمے میں تاخیر پر اظہار تشویش، ریکارڈ طلب

مقدمے میں فرد جرم عائد ہو چکی ہے؟ مدعی کی جانب سے ٹرائل جلد چلانے کے لیے درخواست دی جائے، عدالت کے ریمارکس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مقتول مصطفیٰ عامر کی والدہ نے مقدمات میں سست روی کے خلاف سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا جس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

دھرنے دینے والے آزاد کشمیر کا الیکشن روکنا چاہتے تھے جو نہیں روک سکے، رانا ثناء اللہ

مجموعی طور پر آزاد کشمیر میں پولنگ کا عمل پرامن طور پر جاری ہے، عوام کو حق رائے دہی سے روکنے والے عناصر اپنے مقاصد میں ناکام ہو چکے ہیں، رہنمان لیگ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم کے مشیر سیاسی امور رانا ثناء اللہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی یونین آف جرنلسٹس دستور کی کوریج کے دوران صحافیوں سے بدسلوکی کی مذمت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی یونین آف جرنلسٹس دستور نے ایک سیاسی تنظیم کے سربراہ کی این سی آئی اے میں پیشی کے دوران سیاسی عناصر کے کارکنوں کی جانب سے صحافیوں کو ہیشہ راہداری کے روکے اور انہیں بدسلوکی کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے، کے یو جے دستور کے رہنماؤں نے کہا کہ سندھ حکومت اور محققہ اداراے آزادی کی جرنلزم کو روکنے سے رکنے کے معاملے کا فوری نوٹس لیں۔

سکھر میں 16 سالہ لڑکی کے مبینہ اغوا کے خلاف خورکھائی برادری کا احتجاج

سکھر (اسٹاف رپورٹر) سکھر کے علاقے نیو پنڈ اسلام کالونی سانگی پرالوہ سے تعلق رکھنے والی خورکھائی برادری کے مرد خواتین نے خیرمحمد خورکھائی کی قیادت میں سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور غیر بازی کی، اصوغ پر الزام عائد کیا کہ شیدر رفیق، معشوق، دیار علی اتھد اور دیگر افراد نے مبینہ طور پر اسکے کے زور پر نج سوے ان کے گھر پر حملہ کیا اور ان کی بیٹی افروز کو زبردستی اپنے ساتھ لے گئے۔

کراچی: صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ شاہراہ بھٹو پر کام کا معائنہ کر رہے ہیں

روزنامہ تشکر نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریور یڈیس III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

قائد کی شمع سے

گلشن اقبال ٹاؤن میں سیاسی جماعتوں کا احتجاج

چیئرمین سے ساڑھے 3 سال کارکردگی کا حساب مانگ لیا

گلشن اقبال ٹاؤن کے گزشتہ ساڑھے تین سال کے ترقیاتی اور مالی اخراجات کا آڈاٹ، شفاف اور مکمل آڈٹ کرایا جائے اور ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، مظاہرین

کراچی (رپورٹ فرزانہ حسین) گلشن اقبال ٹاؤن کے بلدیاتی مسائل بدترین بلدیاتی صورتحال کے خلاف تحریک انصاف، جماعت اسلامی، تحفظ کیٹی لیک، اے ایم کیو ایم اور شہریوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے گلشن اقبال ٹاؤن کے چیئرمین ڈاکٹر فرقان زاہد کے تین سالہ کارکردگی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے ٹاؤن کے مالی و انتظامی معاملات کا مکمل اور شفاف آڈٹ کرانے کا مطالبہ کردیا۔ احتجاج میں تحریک انصاف کے سٹی ڈویژن محمد فیضان، جماعت اسلامی کے ڈاکس چیئرمین یوسف 104 ایڈووکیٹ آصف آزاد، جماعت اسلامی گلشن اقبال کے سینئر رکن نعمان بھائی، صدر گلشن اقبال ٹاؤن بی ٹی آئی حمزہ طوطی، منتخب کونسلر، سیاسی و سماجی کارکنان اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ سارے تین سال گزرنے کے باوجود گلشن اقبال ٹاؤن کے بلدیاتی مسائل جوں کے توں ہیں، متعدد سڑکیں تباہ حالی کا شکار ہیں، روڈ کنکٹیویٹی، پانی اور سیوریج کی صورتحال بھی تشویشناک ہے۔ احتجاجی شرکا نے ٹاؤن کی آبادی پر سوالات اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا کہ مردم شماری کے سامنے لائی جائیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ گلشن اقبال ٹاؤن کے گزشتہ ساڑھے تین سال کے ترقیاتی اور مالی اخراجات کا آڈاٹ، شفاف اور مکمل آڈٹ کرایا جائے اور ذمہ داروں کا تعین کیا جائے۔ شرکا نے گلشن اقبال ٹاؤن کے چیئرمین ڈاکٹر فرقان زاہد کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ٹاؤن کے چیئرمین ڈاکٹر فرقان زاہد کی کارکردگی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ٹاؤن کے مالی و انتظامی معاملات کا مکمل اور شفاف آڈٹ کرائے کا مطالبہ کردیا۔ احتجاج میں تحریک انصاف کے سٹی ڈویژن محمد فیضان، جماعت اسلامی کے ڈاکس چیئرمین یوسف 104 ایڈووکیٹ آصف آزاد، جماعت اسلامی گلشن اقبال کے سینئر رکن نعمان بھائی، صدر گلشن اقبال ٹاؤن بی ٹی آئی حمزہ طوطی، منتخب کونسلر، سیاسی و سماجی کارکنان اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ سارے تین سال

سعید غنی کا جشن آزادی سے خطاب، لسانیت کی سیاست کے خاتمے اور پیپلز پارٹی کی عوامی خدمت پر زور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر صحت و افرادی قوت وسماجی تحفظ سندھ سعید غنی نے کہا کہ کراچی میں لسانیت کی بنیاد پر دوٹ لینے کا تاثر اب ختم ہوتا جا رہا ہے۔ لوگ اب ووٹ کارکردگی، نظریات اور سروج کی بنیاد پر دے رہے ہیں۔ ہمیں اس کرسی سیاست کے لیے لسانیت کی بنیاد پر عوام کو بھیشت چڑھانے والوں کا خاتمہ کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوٹکی پوری کے 6 چیئرمین میں اعمر رضا کی جانب سے جلال الدین کرکٹ اسٹیڈیم میں جشن آزادی اور عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسے میں پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکرٹری سید وقار مہدی، رکن قومی اسمبلی اسد عباس نیازی، ڈسٹرکٹ کورنگی کے صدر غنی میمن، چیئرمین 6 اور دیگر رہنماں نے شرکت کی۔ سعید غنی نے کہا کہ کراچی کے سیاسی منظر نامے کو ایک منفی رویے سے نکال کر مثبت سیاست کی طرف لے جانا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی کے عوام اب لسانی سیاست کے بجائے کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ

روزنامہ تشکر 1 بقیہ

کے درمیان دہائیوں پرانے تنازعات اور بدعہدی ایشوز اور شرنگین کے تحفظ کی ذمہ داری پاکستان کو عوام اور افواج کے لیے اہم قرار دیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آزاد کشمیر الیکشن میں عوام نے پاکستان مسلم لیگ ن کی اعتماد کا اظہار کیا، پیپلز دور حکمت میں مسلم لیگ ن کا مایوسی اور کشمیر کے اسٹیج کی اسٹیج کی کیفیت کی ذمہ داری شریف برادران پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہیں۔ آزاد کشمیر کی ترقی کے لیے عوام کے اعتماد کے اظہار پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخاب عوام کے آزاد کشمیر کی حالات جات بوجھ کر خراب کر کے کی کوشش کی، مسائل کا حل بات چیت کے ذریعے نکالا جاتا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ دشمنوں کے خلاف قربانیاں رائیگاں نہیں جاتی ہیں، کشمیر مرچ ایک ہیں، کشمیر کے ناموس کا تحفظ ہر پاکستانی کا فرض ہے، دشمن کے ہتھکنڈے ناکام ہوں گے، کشمیر کے عوام کے ساتھ ہمیشہ کھڑے رہے ہیں، عظیم قربانیاں دیں۔ مزید ملک مجید پاکستانی وزیر کی جانب سے جولائی 2026ء میں ترسیلات زر میں ماہانہ بنیاد پر 5 کیمپ جنگ سالانہ بنیاد پر 13 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا تھا، وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ سمندر پار پاکستانیوں کیلئے قربانیاں دینے والے ہیں، ہم کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، حکومت سمندر پار پاکستانیوں کو سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے کام کر رہا ہے، وزیر اعظم شہباز شریف نے نیلمی اہداف کے حصول کیلئے انفرسٹرکچر کی تعمیر کو اہم قرار دیا، اپیلیف نے آرمی کے اعلیٰ اصلاحات پر پختہ عزائم کا اظہار، وزیر اعظم نے ایلیف نے اصلاحات پر محترمہ مریم نواز شریف کی جانب کرنے سے کام کا دوبارہ کیا، وزیر اعظم نے کہا کہ اصلاحات پر تقریباً 2 ہزار ارب روپے کی رقم خرچ کی گئی ہے، وزیر اعظم شہباز شریف نے نیلمی اہداف کے حصول کیلئے انفرسٹرکچر کی تعمیر اور استعداد کو اہم قرار دیا، ایلیف نے آرمی کے اعلیٰ اصلاحات پر پختہ عزائم کا اظہار، وزیر اعظم نے ایلیف نے آرمی کے اعلیٰ